

سوشل میڈیا پر روز کی ایک ایسی پوسٹ کرنا جو لوگوں کے لئے دینی یا دنیاوی اعتبار
سے فائدے مند ہو ایسی دس پوسٹس سے بہتر ہے جو فضولیات پر مشتمل ہوں۔

FAM

ONLINECOURSES

/FARAZ ATTARI MADANI

آج کل ہر دوسرا شخص یہ کہتا نظر آتا ہے کہ "ہر چیز کی قیمت بڑھ گئی ہے، ریٹ اوپر جارہے ہیں" مگر کیا ہم نے غور کیا کہ ہماری نیکیاں کتنی اوپر جارہی ہیں؟ دس سال پہلے جو معمول تھا آج بھی وہی ہے بلکہ بدقسمتی سے ہماری نیکیاں کمی کی طرف ہیں اور گناہوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

پیارے بھائیو! نیکیوں میں اضافے کا ذہن بنائیں، ہمارے نیک اعمال اوپر جائیں گے تو میرا دل کہتا ہے کہ قیمتیں نیچے آجائیں گی۔



ابو بنتین محمد فراز
عطاری مدنی



سوال نمبر:1 کیا گانا گانا حرام ہے؟

جواب:

گانا گانا اور سننا دونوں حرام ہیں اور اگر ان میں اسلام سے خارج کرنے والے الفاظ ہوں تو اس کو تائید کے ساتھ پڑھنا، سننا یا گانا اسلام سے خارج کر دے گا۔

حدیث پاک ہے:

اس اُمّت میں زمین میں دھنسنا ، مَسخ ہونا اور آسمان سے پتھر برسنا ہو گا مسلمانوں میں سے ایک شخص نے عرض کی : یا رسول اللہ ! یہ کب ہو گا ؟ ارشاد فرمایا " جب گانے والیوں اور موسیقی کے آلات کا ظہور ہو گا اور شرابوں کو (سرعام) پیا جائے گا -

(ترمذی ، کتاب الفتن ، حدیث2219)

سوال نمبر: 2

منگنی کے بعد لڑکا لڑکی ایس ایم ایس پر بات کر سکتے ہیں؟

جواب:

منگنی ہونے سے لڑکا لڑکی محرم نہیں ہو جاتے وہ پہلے کی طرح اجنبی و نا محرم ہی رہتے ہیں لہذا ان کو آپس میں بات چیت کرنے کی اجازت نہیں چاہے ایس ایم ایس پر ہو یا اس کے علاوہ۔



سوال نمبر: 3

کیا رات میں بھی کوئی مکروہ وقت ہوتا ہے جس میں سجدہ کرنا منع ہو؟

FAM
ONLINE COURSES

جواب:

مکروہ اوقات تین ہی ہیں ۔ (1) سورج طلوع ہونے سے لے کر تقریبا بیس منٹ بعد تک (2) سورج غروب ہونے کے وقت سے تقریبا 20 منٹ پہلے کا وقت (3) نصف النہار شرعی سے لے کر سورج ڈھلنے تک

اس کے علاوہ پورے دن میں کوئی وقت مکروہ نہیں، عوام میں جو مشہور ہے کہ رات کو بارہ بجے مکروہ وقت ہوتا ہے یہ بالکل غلط ہے اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں، اس وقت میں نماز پڑھنا اور سجدہ کرنا بالکل جائز ہے ۔

FAM
ONLINE COURSES

سوال نمبر: 4



نماز میں ترتیب کے خلاف قرآن پڑھا تو نماز ہو جائے گی؟

جواب:

نماز میں جان بوجھ کر ترتیب کے خلاف قرآن پڑھنا نا جائز ہے لیکن ترتیب کے خلاف چاہے بھول کر پڑھے یا جان بوجھ کر نماز بہر حال ہو جائے گی اور سجدہ سہو بھی واجب نہیں ہو گا کیونکہ ترتیب سے پڑھنا قراءت کا واجب ہے نہ کہ نماز کا۔

(فتاوی امجدیہ، جلد 1 صفحہ 278، مکتبہ رضویہ)



FAM
ONLINE COURSES

سوال نمبر: 5

جو شخص بینک سے سودی قرض لیتا ہو اگر وہ کسی کو ایصال ثواب کرے تو ثواب پہنچے گا ؟

جواب:

اجازت شرعی کے بغیر سودی قرض لینا حرام اور گناہ کبیرہ ہے لیکن اس سے بندہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جب تک سود کو حلال نہ سمجھے لہذا اگر کوئی سودی قرض لیتا ہے تو اگرچہ گناہ گار ہے مگر نیکی کا ثواب ایصال کرے تو وہ پہنچے گا۔



سوال نمبر: 6

موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری ہے؟

جواب:

موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری نہیں نہ ہی اسکرین کو ٹچ کرنے کے لئے وضو ضروری ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ موبائل پر بھی باوضو تلاوت کی جائے بالخصوص اسکرین پر قرآن ہو تو باوضو ٹچ کرنا بہتر ہے۔


قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
ترجمہ کنزالایمان : تم فرماؤ بے شک میری نماز اور میری
قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لیے ہے
جو رَبّ سارے جہان کا ۔
پ 8 ,الانعام : 162
/farazattarimadani

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ پسند رکھتا ہے بہت توبہ کرنے
والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں کو۔


پ 2 البقرۃ 222





حدیث قدسی
جب میں بندے کے دل میں اپنی عبادت کا
شوق دیکھتا ہوں تو اس کے دنیا کے معاملات
اپنے ذمہ کرم پر لے لیتا ہوں ۔
/farazattarimadani
(منہاج العارفین، صفحہ 217)


اللہ پاک فرماتا ہے
ترجمہ کنز الایمان : اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف
بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بُری سے منع کریں اور یہی لوگ مراد کو پہنچے ۔
پارہ 4 سورہ ال عمران آیت نمبر 104
/Faraz Attari Madani


حدیث
اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں
میری جان ہے بے شک مدینہ پاک کے غبار
میں ہر بیماری کی شفا ہے۔ (الترغیب و الترہیب ،حدیث 5746)
جمعہ مبارک
Faraz Attari Madani


Faraz Attari Madani
حدیث پاک :
جب تم میں سے کوئی شخص بستر پر لیٹ
کر سورۂ فاتحہ پڑھ لے تو اللہ پاک اس کے
ساتھ ایک محافظ فرشتہ مقرر فرما دے گا۔
(تاریخ دمشق)


فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے کوئی سخت حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیے
کہ مجھ پر کثرت سے دُرود شریف پڑھے ۔ کیونکہ
یہ مصائب و آلام کو دور کر دیتا اور روزی میں
برکت اور حاجات کو پورا کرتا ہے ۔
(بستان الواعظین وریاض السامعین لابن جوزی ، ص407)
http://fb.com/farazattarimadani
جمعہ
مبارک


Faraz Attari Madani
فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی مسلمان کی بُرائی بیان کرے جو اس میں
نہیں پائی جاتی تو اس کو اللہ عزوجل اس وقت تک
دوزخیوں کے کیچڑ، پیپ اور خون میں رکھے گا جب
تک کہ وہ اپنی کہی ہوئی بات سے نہ نکل آئے۔
(سنن ابوداؤد ج ٣ ص ٤٢٧ حدیث ٣٥٩٧)


فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
حاجی اپنے گھر والوں میں سے چار سو کی
شفاعت کرے گا اور گناہوں سے ایسا نکل جائے گا
جیسے اُس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔
(حج و عمرہ کا مختصر طریقہ صفحہ 15)
حج
/farazattarimadani


حدیث
دو نعمتیں ایسی ہیں جس سے
اکثر لوگ غافل ہیں:
Faraz Attari Madani
(بخاری، کتاب الرقاق)
صحت
اور
فراغت


فرمانِ مصطفٰے ﷺ
مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام نے یہ دعا مانگی
"لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ"
اور جو مسلمان اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا
مانگے گا تو اس کی دعا قبول کی جائے گی۔
(سیرت الانبیاء صفحہ 503)
http://fb.com/farazattarimadani


رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جس قوم میں گناہوں کے کام کئے جارہے ہوں
اور وہ ان گناہوں کو مٹانے کی قدرت رکھتے ہوں
اور پھر بھی نہ مٹائیں تو اللہ تعالیٰ
ان کو مرنے سے پہلے عذاب میں مبتلا کردیگا۔
(حج و عمرہ کا مختصر طریقہ صفحہ 32)
/farazattarimadani

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عمرہ سے عمرہ تک ان گناہوں کا کفارہ ہے
جو درمیان میں ہوئے اور
حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے۔

(حج وعمرہ کا مختصر طریقہ صفحہ 1)



حدیث پاک

اللہ پاک کی **رضا** کے لئے زیادہ **سجدے** اختیار کرو کیونکہ تم جب بھی اللہ پاک کے لئے **سجدہ** کرو گے اللہ پاک اس کی **برکت** سے تمہارا درجہ بڑھائے گا اور تمہاری **خطا معاف** کرے گا۔

(مسلم، کتاب الصلاۃ، باب فضل السجود و الحث علیہ)





فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اے لوگو! بے شک بروز قیامت اسکی دَہشتوں اور حساب کتاب
سے جلد نجات پانے والا شخص وہ ہوگا جس نے تم میں سے مجھ
پر دنیا کے اندر بکثرت درود شریف پڑھے ہوں گے۔
(غیبت کی تباہ کاریاں صفحہ478)
FarazAttariMadani


کدو شریف

ایک مرتبہ کسی نے عرض کی: یارسول اللہ ! ﷺ آپ کدّو شریف بہت پسند فرماتے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں یہ میرے بھائی یونس علیہ السلام کا درخت ہے۔

(سیرت الانبیاء صفحہ 503)




فرمان ابو درداء رضی اللہ عنہ :
ایمان کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ بندہ اللہ پاک کے حکم پر صبر کرے
اور تقدیر پر راضی رہے نیز توکل کے معاملے میں اخلاص اپنائے
اور ہر وقت اللہ پاک کا فرمانبردار رہے۔
(اللہ والوں کی باتیں، جلد 1، صفحہ 399)
Faraz Attari
Madani


ابومہزم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:
ہم ایک جنازے میں تھے تو کیا دیکھا کہ
حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے کپڑوں
سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاؤں
سے مٹی صاف کر رہے تھے۔
(سیر اعلام النبلاء، ج 4، ص 407)
fb.com/farazattarimadani

/farazattari26
/farazattarimadani

جس سے ہو سکے وہ اپنا مال وہاں رکھے

جہاں اسے کیڑا لگے نہ چور کا ہاتھ،


(یعنی راہ خدا میں صدقہ کر دے)


کیونکہ بندے کا دل مال کی طرف

متوجہ رہتا ہے۔

(صحابہ کی باتیں صفحہ 3)




حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے ایسے گناہ کے بارے میں پوچھا گیا
جس کی موجودگی میں کوئی نیکی فائدہ نہیں دیتی
تو آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:
" وہ گناہ تکبر ہے ۔"
(صحابہ کی باتیں صفحہ 21)
/farazattarimadani


بے شک قیامت کے دن سورج
لوگوں کے سروں پر رہ کر آگ
برسا رہا ہو گا اوران کے اعمال ان
کے لئے سائے کا ذریعہ بنیں گے
یا دھوپ ہی میں جلنے دیں گے ۔
(صحابہ کی باتیں صفحہ 15)
Faraz Attari Madani



Faraz Attari Madani
لَا اُلۡفِيَنَّ اَحَدَكُمۡ جِيۡفَةَ لَيۡلٍ قُطۡرُبَ نَهَارٍ
یعنی میں تم میں سے کسی کو ہرگز ایسے شخص کی طرح نہ پاؤں
جو رات بھر بے جان لاشے کی طرح پڑا رہتا اور دن بھر دنیا
کمانے کے لئے بھاگ دوڑ کرتا ہے (جبکہ اسے آخرت کی بلکل فکر نہیں ہوتی)۔
(صحابہ کی باتیں صفحہ 2)

دو درہم والے کا حساب


ایک درہم والے کے حساب سے **سخت** ہو گا

(یعنی جتنا مال زیادہ اتنا وبال زیادہ)۔

(صحابہ کی باتیں صفحہ 18)




حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :
توریت میں لکھا ہے کہ جو بارگاہِ الٰہی میں
سمجھ دار بننا چاہے تو اسے چاہیے کہ دل میں
اللہ تعالیٰ کا حقیقی خوف پیدا کرے ۔
Faraz Attari
Madani
(خوف خدا، صفحہ 17)


فرمان امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ:
اے میرے بیٹے! لوگوں پر عیب
لگانے سے بچنا ورنہ لوگ تم پر عیب لگائیں
گے اور فضول باتوں سے بچنا ورنہ ان کی
وجہ سے عزت میں کمی ہو گی۔
(حلیۃ الاولیاء، جلد 3)
http://fb.com/farazattarimadani

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:


میں نے تیس سال سے کوئی ایسی نماز نہیں پڑھی جس میں اپنے استاد امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کیلئے دعا نہ کی ہو۔

(البدایه والنهایه ۱۰/۳۲٦)

Faraz Attari Madani



کسی بزرگ کا فرمان ہے کہ:



ساری دنیا مجھے مردود کہے اور
ربّ کریم عزوجل کی بارگاہ
میں، میں مقبول قرار پاؤں

یہ اس سے بہتر ہے کہ

Faraz Attari Madani




کہ ساری دنیا مجھے مقبول کہے
اور رب کریم عزوجل کی بارگاہ
میں، میں مردود قرار پاؤں۔

(صراط الجنان، جلد 2، صفحہ 68)

فرمان امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ضعیف العقل لوگوں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ
وہ **شخصیات** کے ذریعے حق کو پہچانتے ہیں
حق کے ذریعے **شخصیات** کو نہیں۔

(المنقذ من الضلال والموصل الی ذالعزة والجمال28)


سجدۂ سہو کا طریقہ
FAM
ONLINE COURSES
التحیات کے بعد سیدھی طرف
سلام پھیرے پھر دو سجدے
کرے پھر تشہد وغیرہ پڑھ کر
سلام پھیرے۔
نوٹ: پہلی مرتبہ التحیات کے بعد درود پڑھنا بہتر ہے
(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 3)
/Fam Online Courses
FAM
ONLINE COURSES


مسئلہ
سجدۂ سہو واجب تھا اور جان کر یا
بھول کر سجدۂ سہو نہ کیا جب بھی
نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔
(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 4)
FAM
ONLINE COURSES
/famonlinecourses

مسئلہ

فرض کی پہلی دو رکعتوں میں یا سنت ، نفل اور وتر کی کسی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کی ایک یا چند آیات بھولے سے رہ گئیں تو سجدہ سہو واجب ہے جان کر ایسا کیا تو نماز دوبارہ پڑھنا واجب ہے ۔

(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 5)

سجدۂ سہو کے مسائل

ایک نماز میں ایک سے زیادہ واجب بھی
بھولے سے رہ جائیں تو سجدہ سہو کے دو
سجدے سب کے لئے کافی ہونگے ۔



مسئلہ


فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں جان کر یا بھول کر سورت ملائی تو سجدۂ سہو نہیں بلکہ اکیلے پڑھنے والے کے لئے مستحب ہے کہ وہ سورت بھی ملائے مگر امام کو چاہیے کہ وہ فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورت نہ ملائے لیکن امام نے بھی ملائی تو سجدۂ سہو واجب نہیں۔

(سجدہ سہو کے مسائل صفحہ 7)



سجدۂ سہو کے مسائل

دعائے قنوت پڑھنا بھول گئے اور رکوع میں یاد آیا تو اب قنوت پڑھنے کے لئے لوٹنے کی اجازت نہیں ، آخر میں سجدۂ سہو کرنے سے نماز درست ہو جائے گی ۔




مسئلہ
چار رکعت والی نماز میں
تیسری پر بھول کر قعدہ کیا
تو سجدہ سہو لازم ہو گا۔
(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 9
/Fam Online Courses
FAM
ONLINE COURSES

مسئلہ

اگر التحیات سے پہلے بھول کر پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھی تو سجدۂ سہو واجب ہے اور اگر بسم اللہ الرحمن تک یا اس سے کم پڑھی تو سجدۂ سہو واجب نہیں۔

(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 11)

سجدہ سہو کے مسائل

امام پر سجدہ سہو واجب ہوا اور اس نے سجدہ سہو کیا تو مقتدی پر بھی سجدہ واجب ہے چاہے مقتدی سہو واقع ہونے سے پہلے جماعت میں شامل ہوا ہو یا بعد میں ۔




مسئلہ
سمع اللہ لمن حمدہ کی جگہ اللہ اکبر
کہ دیا تو نماز ہو جائے گی سجدہ سہو واجب نہیں۔
(سجدۂ سہو کے مسائل صفحہ 13)
FAM
ONLINE COURSES
/fam online courses

وتر میں شک ہوا کہ دوسری رکعت ہے یا تیسری تو جس میں شک ہوا اس
میں دعائے قنوت پڑھ کر اس رکعت میں التحیات پڑھے پھر ایک رکعت اور
پڑھے اور اس میں بھی قنوت پڑھے اور آخر میں سجدہ سہو کرے ۔



فیضانِ قصیدہ بردہ

لَوْلَا الْھَوٰی لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰی طَلَلٍ
وَلَا اَرِقْتَ لِذِكْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

اگر محبت نہ ہوتی تو تم ٹیلوں پر آنسو نہ بہاتے
اور نہ ہی بان کے درخت اور علم کے پہاڑ کو یاد کر کے راتوں کو جاگتے

جمعہ مبارک



FARAZ ATTARI MADANI
فیضان
قصیدہ بردہ
فَمَا لِعَیْنَیْکَ اِنْ قُلْتَ اکْفُفَا هَمَتَا
وما لِقَلْبِکَ اِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ یَهِمِ
تو پھر تیری آنکھوں کو کیا ہوگیا کہ اگر تو ان کو رکنے کا کہے تو یہ اور آنسو بہانے لگتی ہیں
اور تیرے دل کو کیا ہوا کہ اگر تو اسے پریشانی میں کمی کا کہے تو یہ اور بے چین ہونے لگتا ہے
جمعة
مباركة
Jumma
Mubarak


فیضانِ قصیدہ بردہ
اَیَحْسَبُ الصَّبُّ اَنَّ الْحُبَّ مُنْکَتِمٌ
مَا بَیْنَ مُنْسَجِمٍ مِنْهُ وَ مُضْطَرِمِ
کیا عاشق یہ خیال کرتا ہے کہ محبت چھپنے والی چیز ہے حالانکہ
آنکھ سے سیل اشک رواں ہیں اور دل عشق میں سلگ رہا ہے
جمعہ مبارک
/FARAZATTARIMADANI